فہرست کتب وغیرہ

اخبار اہلحدیث

یہ اخبار دین ودنیا کا مجموعہ ہے اسمیں مذہبی اور اخلاقی مضامین فتوی۔ اور مخالفین کے اعتراضات کے جوابات اور ایک وصفحو پر دنیا بھر کی چیدہ چیدہ خبریں درج ہوتی ہیں۔ قیمت سالانہ عہ/ ۱۲؎

منیجر اہلحدیث امرتسر

مرقع قادیانی

مرزا قادیانی کے بہت سے مضامین کی تردیدوں کا مجموعہ۔ قیمت مع محصول عسر/

مرقع دیانندی

اس رسالہ میں سوامی دیانند جی کا کچا چٹھا دکہایا گیا ہے۔ بڑا لطیف اور قابل دید رسالہ ہے قیمت صرف ۳/

تقابل ثلاثہ

توریت انجیل اور قرآن کا مقابلہ صفحہ کے تین کالموں میں تینوں کتابونکی اصل عبارتیں منقول ہیں نیچے حواشی میں فرق بتلا کر قرآن مجید کی فضیلت ثابت کیگئی ہے عیسائیونکی بحث کا انقطاعی فیصلہ ہے۔ قیمت مع محصولڈاک عسر/

حق پرکاش

آریونکے گرو دیانندجی نے ستیارتھ پرکاش میں قرآن شریف پر شروع سے اخیر تک جو اعتراض کئے ہیں انکا یہ مفصل اور مکمل جواب دیکہنے سے تعلق رکھتا ہے۔ قیمت ۸/

ترکِ اسلام

مہاشہ دہرمپال دنو آریہ سابق عبدالغفور کے رسالہ ترکِ اسلام کا معقول اور مفصل جواب۔ شروع میں نبوت محمدیہ کا ثبوت اور اخیر میں قرآن مجید کے الہامی ہونے کے دلائل قیمت ۶/

الہامی کتاب

وید اور قرآن کے الہام پر مسلمان اور آریہ عالمونکی مفصل بحث۔ بحث کیا ہے؟ تمام مباحث کا فیصلہ ہے۔ قرآن مجید کے الہامی ہونیکا پورا اور کامل ثبوت ہے۔ قیمت ۶/

نمبر (۳)   جلد (۲)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مسلمان

امرتسر

بابت ماہ جولائی سنہ ۱۹۰۹ع

اسلامی خبرین

قسطنطنیہ کی خبریں ظاہر کرتی ہیں کہ شوکت پاشا نے ریوٹر کے نامہ نگار سے ظاہر کیا کہ یونانی جو شکار ٹرکی میں کھیل رہے ہیں وہ خطرہ سے خالی نہیں۔ گورمنٹ کو معلوم ہوا ہے کہ وہ باغیانہ مقاصد کیلئے بندوقیں منگا رہے ہیں۔

ہفتہ گذشتہ میں چار ہزار ناجائز اسلحہ گرفتار ہوئے کریٹ کی بابت ایسے ہی سمجہوتہ کی تجویز پیش کی جیسا کہ ساموس کے بارہ میں ہوا تھا۔

جرمن کے تاروں سے پایا جاتا ہے کہ سلطنت عثمانیہ نہایت سرعت اور مستعدی سے فوج اور بیڑے کی تیاری میں مصروف ہے۔ تاکہ دول کو کریٹ سے نکالنے کیلئے فوجی طاقت سے عندالضرورت کام لے سکے۔

یہہ بھی معلوم ہوا ہے کہ شوکت پاشا ایک جنگی اسکیم کی تیاری میں منہمک ہیں۔ جس پر یونان سے جنگ کے چھڑ جانے کی صورت میں عمل کیا جا سکے۔

ترک فوجی تیاریاں کر رہے ہیں۔ رزرو فوج طلب کی جا رہی ہے کہ کریٹ پر فوجی کارروائی کرنی پڑے تو دقت نہو۔ سرحد کی یونانی فوج کو حکم ملا ہے کہ وہ ترکوں سے دور رہے۔

فواد پاشا والئے حجاز مقرر ہونیوالے ہیں۔